Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۳ } مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۸ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ اکتوبر سنہ ۱۹۳۳ء { جلد ۴۵

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	معافی قصور و تقرر منشی لچھمن لال	۲	۴	رخصت سکریٹری صاحب توشہ خانہ	۳
(۲)	منسوخی رخصت سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی	۰	۵	منسوخی رخصت مسٹر ہارجوری براؤن -	۔۔
(۳)	تقرر اختر حسین و افتخار احمد بعہدہ نائب تحصیلداری	۔۔			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع ۱۲ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

بدولت و اقبال کے حضور میں حاضر ہوکر قریشی محسن علی نے اپنے قصور کی معافی چاہی۔ بدولت و اقبال بنظر پرورش رعایا نوازی مابدولت قصور معاف فرماکر بتشخیص اکادمی حیلہ مبلغ ۵۰ (پچاس روپیہ) ماہانہ پر تقرر فرماتے ہیں۔

چونکہ بجٹ اجلاس ہمایوں کی مشاہرات میں گنجائش نہیں ہے اس لئے بقیہ سال رواں کے لئے بذریعہ سپلیمنٹری اجلاس ہمایوں سے بمد مشاہرات مبلغ دو سو اڑسٹھ روپیہ کی منتقلی منظور کیجاتی ہے

منتقلی رقم کا اجلاس ہمایوں میں نوٹ کرلیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سرشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے

بتعمیل حکم ہمایوں سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ ہو ۱۳ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۲۳ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

تحریر یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مرسلہ سرشتہ صدر حکم تشخیص رخصت عاجلی پندرہ یوم سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی منظور شدہ حکم ۱۱ر اکتوبر ۱۹۳۳ء مورخہ ۱۳ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

بوجہ عدم استفادہ

بموجب رپورٹ سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی کی رخصت عاجلی متصلہ پندرہ یوم کی تنسیخ منظور ہے سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی باآرام کار سرکار انجام دیں۔ کاغذات برائے کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

بتعمیل حکم سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲۴ر اکتوبر ۱۹۳۳ء   (دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:- واقع ۲۳ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ بموجب رپورٹ اختر حسین کا تقرر بعہدہ نائب تحصیلداری ملک اور افتخار احمد کا تقرر بعہدہ نائب تحصیلداری ٹانڈہ بمشاہرہ سو سو روپیہ ماہانہ منظور ہے اختر حسین اور افتخار احمد کی خدمات گورنمنٹ سے مستعار لیگئی ہیں۔ ہر دو نائب تحصیلداران کی تنخواہ بجٹ منظور شدہ کے اندر ہیں

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

بتعمیل حکم ہمایوں سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲۴ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم

مورخہ ۲۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء

مزینہ یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر
باستدعائے منظوری رخصت
اتفاقیہ چھ یوم مطلوبہ صاحب
سکریٹری بہادر توشہ خانہ۔
از ۲۱ اکتوبر ۱۹۳۳ء وجہ
علالت خود

حکم

بموجب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر توشہ خانہ کی چھ یوم کی رخصت اتفاقیہ منظور ہے کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم بحکم

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم

مورخہ ۲۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء

مزینہ یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بدین خلاصہ کہ مسٹر مارجوری براؤن کی رخصت پندرہ یوم یکم لغایت ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء بوضع تنخواہ پیشگاہ والا سے منظور فرمائی گئی تھی۔ مسٹر مارجوری رخصت سے استفادہ حاصل کرکے ایک روز قبل ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء کو ڈیوٹی پر حاضر ہوگئے لہذا حکم منسوخی رخصت ایک یوم شرف نفاذ پائے

حکم

حسب رپورٹ مسٹر مارجوری براؤن کی ایک یوم کی رخصت منسوخ کیا جانا منظور ہے کاغذات برائے کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم بحکم

بمنشائے حکم سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)